بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز سوموار مورخہ 9/اگست 2021ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1)محکمہ صحت (2)محکمہ خوراک (3)محکمہ ماحولیات

(4)محکمہ اقلیتی امور

☆308 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 13 اگست 2020

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے مختلف اسامیوں کی منظوری دی گی ہے۔

(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو ان اسامیوں کی کل تعداد، نام اور گریڈ کی تفصیل دی جائے نیز پہلے سے خالی پڑی ہوئی اسامیوں کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر صحت جواب موصول ہونے کی تاریخ 29 جنوری 2021

مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے ذیل آسامیاں منظور کی گئی ہیں۔

1 مونیٹرنگ اینڈ ایوالویکیشن آفیسر (کنٹریکٹ) ایک آسامی

2 اسسٹنٹ سپرٹنیڈنٹ ویکسینشن (کنٹریکٹ) ایک آسامی

3 ویکسینٹرز (کنٹریکٹ) دس آسامیاں

نیز مذکورہ ضلع میں پہلے سے گریڈ 1 تا 19 کی خالی پڑی ہوئی اسامیوں کی کل تعداد 140 ہے۔

☆360 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 23 ستمبر 2020

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع واشک میں پی پی ایچ آئی کے ماتحت کل کتنے پی ایچ یوز ہیں نیز ان میں تعینات ملازمین کی کل تعداد ان کے نام بمعہ ولدیت، علاقہ اور جائے تعیناتی کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر صحت جواب موصول ہونے کی تاریخ 28 اکتوبر 2020

جواب آخر پر منسلک ہے۔

☆351 **جناب نصر اللہ خان زیرے رکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 8 ستمبر 2020

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں ضلع کوئٹہ و گردونواح میں آر ایچ ای سینٹر اور پی ایچ یوز کے قیام کیلئے فنڈ/ رقم مختص کی گی ہے۔

(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گی ہے نیز ان مراکز صحت کے نام، علاقہ، اور لاگت کی تفصیل بھی دیجائے۔

وزیر صحت

جواب موصول نہیں ہوا۔

☆407 **جناب اصغر ترین رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 2 دسمبر 2020

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال پشین میں موجود ایمبولینسز کی کل تعداد کسقدر ہے اور ان میں سے کتنے فعال اور غیر فعال ہیں تفصیل دی جائے نیز کیا یہ درست ہے کہ حال ہی میں کی گی ایک سروے کے مطابق مذکورہ ہسپتال میں ایمبولینسز کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر صحت جواب موصول ہونے کی تاریخ 27 جنوری 2021

اس ضمن میں تحریر ہے کہ میڈیکل سپر ٹینڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پشین نے تحریر کیا ہے مذکورہ ضلعی ہسپتال میں 3 عدد ایمبولینس ہیں اور تینوں فعال ہیں مذید یہ کہ محترمہ شاہینہ کاکڑ رکن اسمبلی نے ستمبر 2020 میں ایک نئ ایمبولینس ہسپتال ہذا کو فراہم کی ہے تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

کوئٹہ،
مورخہ 6/اگست 2021

سیکرٹری،
بلوچستان صوبائی اسمبلی